بھائی شاہد صاحبؒ کی رحلت

محمد اعجاز مصطفیٰ

جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کے سابق رئیس استاذِ محترم حضرت مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار شہید قدس سرہٗ کے بہنوئی اور سمدھی، بھائی عامر کے والد مکرم اور ہمارے مخلص بھائی شاہد صاحبؒ بھی ۲۴؍ جمادی الاخریٰ مطابق ۱۶؍ اپریل ۲۰۱۴ء کو ایک عرصہ بیمار رہنے کے بعد رحلت فرما گئے۔ إنا للّٰہ وإنا إلیہ راجعون، إن للّٰہ ماأخذ ولہٗ ما أعطٰی وکل شیء عندہٗ بأجل مسمّٰی۔

محترم بھائی شاہد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے گونا گوں صفات سے متصف فرمایا تھا، خصوصاً دینی اداروں کی کتب کی اشاعت اور بلاتصویر کتب چھاپنے میں ان کا شہرہ تھا۔ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کی چھپائی کا تمام تر کام آپ ہی کے سپرد تھا اور آپ دل وجان سے اس ذمہ داری کو نبھاتے رہے۔ اسی بنا پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے انہیں خوب سے خوب تر ترقیات سے نوازا تھا۔

آپ ایک عرصہ سے گردوں کے عارضہ میں مبتلا اور ڈیلائسس پر تھے، اسی بیماری میں انہوں نے اپنی جان جانِ آفریں کے سپرد کی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ آخرت کی آنے والی تمام منزلیں ان کے لیے آسان فرمائے۔ انہیں جنت الفردوس کا مکین بنائے۔ آپ کے لواحقین اور پسماندگان کو یہ حادثہ فاجعہ برداشت کرنے اور سہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بھائی شاہد صاحبؒ کے لیے تمام قارئینِ ’’بینات‘‘ سے ایصالِ ثواب اور دعاؤں کی درخواست ہے۔

☆☆☆